**Fazil / Tausif**

**25-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں فجی کے اپنے ہم منصب Sitiveni Rabuka سے بات چیت کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج گجرات کے 2 دن کے دورے پر جارہے ہیں، جہاں وہ کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

3- روس میں بھارت کے سفیر نے کہا ہے کہ جہاں کہیں بھی بہترین سودا ہوگا، بھارت وہاں سے تیل خریدنے کا سلسلہ جاری رکھے گا اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے اقدامات کرے گا۔

4- کھیلوں کے محکمے کے وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ بھارت 2047 تک چوٹی کے 5 اسپورٹنگ ملکوں میں شامل ہونے کا خواہشمند ہے۔

5- اور بھارت کی Sharvari Somnath Shende نے کناڈا میں عالمی یوتھ تیراندازی چیمپئن شپ میں 18 سال تک کی عمر کی خواتین کے انفرادی Recurve مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**Fiji PM - India Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں فجی کے اپنے ہم منصب Sitiveni Rabuka سے بات چیت کریں گے، جو بھارت کے تین دن کے دورے پر کل نئی دلّی پہنچے ہیں۔

جناب مودی معزز مہمان کے اعزاز میں دو پہر کے کھانے کا اہتمام کریں گے۔

مرکزی وزیر مملکت سُکانتا مجمدار نے ہوائی اڈے پر فجی کے وزیر اعظم کا استقبال کیا۔ اُن کی اہلیہ Sulueti Rabuka بھی اُن کے ہمراہ آئی ہیں۔ فجی کے وزیر اعظم کے ساتھ ایک وفد بھی بھارت کے دورے پر آیا ہے۔ اِس میں صحت اور طبی خدمات کے وزیر Ratu Lalabalavu اور اعلیٰ اہلکار شامل ہیں۔

مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کل شام معزز مہمان سے ملاقات کی۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعظم کی حیثیت سے جناب Rabuka کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے۔ وہ آج شام صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملنے جائیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ............

**VC - Anupam Mishra**

بھارت-فجی تعلقات باہمی احترام، اشتراک اور مضبوط ثقافتی اور عوام سے عوام کے رابطوں پر مبنی ہیں۔ فجی کے وزیر اعظم کے اِس دورے سے بھارت اور فجی کے درمیان طویل عرصے سے چلے آرہے پائیدار تعلقات کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔ اِس کے علاوہ سبھی شعبوں میں باہمی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے دونوں ملکوں کے عہد کا بھی اعادہ ہوتا ہے۔ پچھلے برسوں میں فجی کے ایک بڑے ترقیاتی ساجھے دار ملک ہونے کے ناطے بھارت نے مختلف اہم شعبوں اور صلاحیت سازی کے شعبے میں ملک کی تعمیر میں فجی کی معاونت کی ہے۔

دِلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

**PM Gujrat Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے گجرات کا دو روزہ دورہ شروع کریں گے۔ جناب مودی اپنے دورے میں آج شام احمد آباد میں کھودَل دھام گراؤنڈ میں 5 ہزار 400 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِس موقع پر وہ ایک عوامی جلسے سے خطاب بھی کریں گے۔ جن پروجیکٹوں کا آج آغاز کیا جائے گا، اُن کا تعلق شہری ترقی، توانائی، سڑکوں اور ریلویز سے ہے۔

اپنے دورے کے دوسرے دن کل جناب مودی احمد آباد کے ہنسل پور علاقے میں ہائبرڈ بیٹری الیکٹروڈس کو علاقے میں ہی تیار کیے جانے کے کام کاج کا افتتاح کریں گے اور 100 ملکوں کو برآمد کیے جانے کے لیے بیٹری الیکٹرک گاڑیوں کی ایک کھیپ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Aparna Khunt**

عالمی درجے کے بنیادی ڈھانچے اور کنیکٹی وِٹی کے حکومت کے ویژن کے مطابق وزیر اعظم، کئی ریلوے پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کریں گے، جن کی لاگت 1400 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ اِن پروجیکٹوں میں 65 کلو میٹر طویل مہسانہ-پالن پور ریلوے لائن اور کلول-کڈی-کٹوسن سڑک کو چوڑا کیا جانا اور بیچ راجی-رانُج ریل لائن کو دوہرا کیا جانا، شمالی گجرات میں محفوظ تر اور مزید سہولت آمیز رابطے کے لیے چوڑے راستے میں اور زیادہ گنجائش پیدا کرنا شامل ہے۔ وہ کٹوسن روڈ اور سابرمتی کے درمیان ایک مسافر ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے اور بیچ راجی سے ایک مال بردار ریل گاڑی کا بھی آغاز کریں گے، جس میں کاریں لے جائی جا سکیں گے۔

اِن اقدامات سے خطّے میں صنعتی ترقی کو رفتار ملے گی، ٹرانسپورٹ کی استعداد میں اضافہ ہوگا اور نئے اقتصادی موقعے پیدا ہوں گے۔

احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اسلم بیگ

**Shubhanshu - Lucknow**

اتر پردیش کی راجدھانی لکھنؤ میں، خلاء نورد شبھانشو شکلا کے خیر مقدم کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر تاریخی مشن کی کامیابی کے بعد آج اپنے وطن کا یہ اُن کا پہلا دورہ ہے۔

ایک رپورٹ ............

**VC - Om Awasthi**

*لکھنؤ میں گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کو آج اُن کے وطن میں شاندار استقبالیہ دینے کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کے اسکول کی طرف سے ایک وِکٹری پریڈ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ پریڈ ہوائی اڈّے سے گومتی نگر علاقے تک جائے گی۔ اُن کے اسکول نے بھی ایک استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا ہے، جس کے تحت 63 ہزار طلباء، اُن کے اعزاز میں، ایک مارچ میں حصہ لیں گے۔ اتر پردیش سرکار کا سائنس و ٹیکنالوجی کا محکمہ بھی ایک شاندار تقریب کا اہتمام کرے گا، جہاں وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کا خیر مقدم کریں گے۔*

*جناب یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ خلاء میں بھارت کا پرچم بلند کرنا، ہر ایک شہری کے لیے فخر کی بات ہے اور شبھانشو کی عزت افزائی سے، آئندہ نسلوں کو جذبہ ملے گا کہ وہ بڑے خواب دیکھیں اور انہیں حقیقت میں تبدیل کریں۔*

*لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اسلم بیگ*

**Bulandshahr - Accident**

اتر پردیش میں کل رات دیر گئے بلند شہر میں قومی شاہراہ نمبر 34 پر ایک سڑک حادثے میں 2 خواتین اور بچے سمیت کم از کم 8 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 45 زخمی ہوئے۔ یہ حادثہ Ghatal گاؤوں کے نزدیک اُس وقت پیش آیا، جب ایک Container عقیدتمندوں سے کھچا کھچ بھرے ہوئے ایک ٹریکٹر سے جا ٹکرایا۔ Gogaji کے یہ عقیدتمند اتر پردیش کے کاس گنج سے راجستھان کے Gogamedi جارہے تھے۔

معلوم ہوا ہے کہ اِس ٹریکٹر میں تقریباً 60 لوگ سوار تھے۔ زخمیوں کو Khurja کے اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ 3 افراد کی حالت نازک بتائی گئی ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Indian Ambassador - Oil**

روس میں بھارت کے سفیر وِنئے کمار نے کہا ہے کہ جہاں کہیں بھی بہترین سودا ہوگا، بھارت وہاں سے تیل خریدنے

کا سلسلہ جاری رکھے گا اور اپنے قومی مفاد کے تحفظ کے لیے اقدامات کرے گا۔

روس کی خبر رساں ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں جناب وِنئے کمار نے کہا کہ روس سے تیل خریدنے کی وجہ سے بھارتی درآمدات پر محصول 25 فیصد بڑھا کر 50 فیصد کرنے کا امریکہ کا فیصلہ غیر منصفانہ، نا مناسب اور بلا جواز ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کی توانائی سے متعلق پالیسی کا مقصد اپنے شہریوں کے لیے قابلِ بھروسہ سپلائیز کو محفوظ کرنا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ تیل کی عالمی مارکٹ میں استحکام میں روس اور دیگر ملکوں کے ساتھ بھارت کے اشتراک کا اہم رول ہے۔ بھارتی سفیر نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت-روس تجارت میں باہمی مفادات اور مارکٹ کے عوامل کو اہم مقام حاصل ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکہ اور یوروپی ممالک سمیت دیگر ملک بھی روس کے ساتھ تجارت جاری رکھے ہوئے ہیں۔×

## Himachal Rain

ہماچل پردیش کے کئی حصوں میں شدید بارش ہونے سے پانی بھر جانے، سیلاب کے حالات پیدا ہونے اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے واقعات پیش آئے ہیں۔ روز مرہ کی زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی ہے۔ ریاست کے ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کی وجہ سے 2 قومی شاہراہیں اور 482 سڑکیں بند ہوگئی ہیں۔ بجلی کی سپلائی بھی متاثر ہوئی ہے۔ موسمیات محکمے نے ریاست میں اِس مہینے کی 30 تاریخ تک تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے …………

**VC - Ritesh**

*ہماچل پردیش میں بارش کا سلسلہ جاری ہے اور فوری طور پر راحت ملنے کے کوئی آثار نہیں ہیں۔*

*شملہ کے موسمیاتی مرکز نے ریاست کے 10 ضلعوں کے لیے اگلے 12 گھنٹے میں بہت تیز بارش کے امکان کے مدِّ نظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اِن میں بلاسپور، ہمیر پور، کانگڑہ، کنّور، کلّو، منڈی، شملہ، سرمور، سولن اور اونا شامل ہیں۔ شدید بارش کی وارننگ کے مدِّ نظر بچوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے ریاست کے 7 ضلعوں میں آج تعلیمی اداروں میں چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے۔*

*شملہ سے رِتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اسلم بیگ*

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو دن کے دوران ملک کے شمال مغربی حصوں میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش کے امکان کے مدِّ نظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق گجرات، اوڈیشہ، راجستھان اور اترا کھنڈ میں کل تک کہیں کہیں بہت تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔

اِس کے علاوہ ہریانہ، پنجاب، دلّی، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفرآباد، اتر پردیش، جھارکھنڈ، کونکن، گوا، مدھیہ پردیش، مغربی بنگال کے ہمالیائی ذیلی خطے اور سکم میں بھی آج بہت تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِدھر دلّی قومی راجدھانی خطے میں آج صبح سویرے ہلکی سے لے کر اوسط بارش ہوئی۔×

**Mandaviya India Sports**

کھیلوں کے وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ بھارت، 2047 تک دنیا میں کھیل کود والے 5 سرکردہ ملکوں میں شامل ہونے کے جذبے سے سرشار ہے، جب ملک کی آزادی کی صدی مکمل ہوگی۔
احمد آباد میں دولتِ مشترکہ ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مانڈویا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت نے کھیل کود کے شعبے میں، کئی گُنا ترقی کی ہے اور اِس شعبے میں بہت سی اصلاحات کی گئی ہیں۔
انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے ملک کو اگلے 10 سال میں، 10 سرکردہ ملکوں میں شامل کرنے کا مقصد مقرر کیا ہوا ہے۔

**S/B - Mansukh Mandviya 16 sec**

وزیر موصوف نے کہا کہ وقت کی ضرورت یہ ہے کہ ملک میں کھیل کود کا ایک ایکو نظام تشکیل دیا جائے اور حکومت نے اِس پر پوری توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔
جناب مانڈویا نے کہا کہ پچھلے پارلیمانی اجلاس میں حکومت نے کھیل کود سے متعلق حکمرانی کا بل پیش کیا تھا، جو ایتھلیٹ پر مرکوز تھا۔ اِس بل کے تحت کھیلوں کی قومی فیڈریشنز میں خواتین کی نمائندگی کو اہمیت دی گئی ہے۔×

**Archery**

بھارت کی Sharvari Somnath Shende نے کل کناڈا کے Winnipeg میں عالمی یوتھ آرچری چیمپئن شپ 2025 میں 18 سال سے کم عمر خواتین کے انفرادی مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ انہوں نے سخت فائنل مقابلے میں جنوبی کوریا کی Kim Yewon کو چھ-پانچ سے شکست دے دی۔
Shende کو پہلے تین Sets کے بعد چار-ایک سے برتری حاصل ہوئی، لیکن Kim نے مضبوط واپسی کرکے میچ برابری پر کردیا اور شوٹ آف کے لیے مجبور ہونا پڑا۔ فیصلہ کُن مقابلے میں Kim نے 9 پوائنٹ بنائے، جبکہ Shende نے بہترین 10 پوائنٹ بنا کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔
Shende، اِس مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتنے والی دوسری بھارتی خاتون ہیں۔ اِس سے پہلے ہفتے کے روز Chikitha Taniparthi نے انڈر 21 خواتین کا کمپاؤنڈ انفرادی خطاب جیتا تھا۔×

**Israel Gaza**

اسرائیل نے غزہ کے علاقوں میں، طیاروں اور ٹینکوں سے حملہ کر کے اِس خطّے کی سب سے بڑے شہری علاقے پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہاں کے مکینوں نے شہر کے شمالی اور مشرقی علاقوں میں لگاتار دھماکوں کے بارے میں بتایا۔
اسرائیل کے وزیر دفاع Israel Katz نے بتایا کہ فوجیں کارروائی کر رہی ہیں اور وہ حماس کو شکست دینے کے لیے پوری طاقت کے ساتھ کارروائی کرتی رہیں گے، تاکہ سبھی یرغمالوں کو رِہا کرایا جا سکے اور اسرائیل کی شرطوں پر جنگ ختم کی جا سکے۔×

**Russia Ukraine Prisoner Exchange**

روس کی وزارتِ دفاع نے بتایا ہے کہ متحدہ عرب امارات کی طرف سے ثالثی کیے جانے کے بعد، روس اور یوکرین نے کل مزید 146 جنگی قیدیوں کو ایک دوسرے کے حوالے کیا۔ رِہا کیے گئے سبھی روسیوں کو بیلاروس میں، نفسیاتی اور طبّی امداد دی گئی۔

یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے واپس کیے گئے اِن قیدیوں کی تصویریں پوسٹ کی ہیں اور کہا ہے کہ اِن میں سے زیادہ تر لوگ 2022 سے قید میں تھے، جب روس نے یوکرین میں دراندازی کی تھی۔

زیلنسکی نے، قیدیوں کے تبادلے کی نگرانی میں رول ادا کرنے پر، متحدہ عرب امارات کا شکریہ ادا کیا ہے۔

روس اور یوکرین کے درمیان تیسرے دور کی امن بات چیت، استنبول میں 23 جولائی کو منعقد کی گئی تھی، جس کے بعد روس نے کہا تھا کہ دونوں ملکوں نے بارہ-بارہ سو قیدیوں کو رِہا کرنے سے اتفاق کیا تھا۔×

**MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''آن لائن گیمنگ کی ضابطہ کاری'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت کے سکریٹری ایس کرشنن کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔×

**DMRC Fare Hike**

دلّی میٹرو ریل کارپوریشن DMRC نے اپنے کرایوں میں اضافے کا اعلان کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں DMRC نے کہا کہ یہ برائے نام اضافہ، محض ایک روپے سے 4 روپے تک کیا گیا ہے، جس کا انحصار سفر کے فاصلے پر ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ ایئر پورٹ ایکسپریس لائن کے لیے یہ اضافہ 5 روپے تک کا بھی ہو سکتا ہے۔ کرایوں میں یہ اضافہ آج سے لاگو ہوگیا ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسلم بیگ

شکریہ - کلیم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روز نامہ پرتاپ نے دلّی آسمبلی میں اسپیکرس کانفرنس سے وزیر داخلہ امت شاہ کے خطاب کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے، جس میں انھوں نے ایک صحت مندجمہوریت میں بامعنیٰ بحث و مباحثے کے رول پر زور دیا اور کہا کہ عوام کے خدشات کو دور کرنے کیلئے غوروفکر بہترین ذریعہ ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے گگن یان مشن کیلئے جاری تیاریوں سے متعلق خبر کو نمایا کرتے ہوئے لکھا ہے۔ گگن یان مشن میں اہم پیش رفت، اسرو کا پہلا ایئر ڈراپ ٹسٹ کامیابی کے ساتھ مکمل۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے ملک کے گگن یان مشن کے لئے منتخب کئے گئے خلا بازوں کو مبارکباد پیش کی۔

بھارت جرمنی سے چھ آبدوزیں خریدے گا۔ اس حوالے سے اخبار نے سرخی لگائی ہے بھارت 70 ہزار کروڑ میں یہ آبدوزیں خریدے گا۔ معاہدے کیلئے جرمن کمپنی کے ساتھ بات چیت کو منظوری۔

بہار میں ووٹر لسٹ کی خصوصی نظر ثانی مہم سے متعلق الیکشن کمیشن کے بیان کو روز نامہ انقلاب نے اہمیت کے ساتھ شائع کرتے ہوئے لکھا ہے، 98 فیصد سے زیادے رائے دہندگان کے دستاویز جمع ہوگئے ہیں، حتمی ووٹر لسٹ 30 ستمبر کو شائع کی جائے گی۔

اخبار نے چیتیشور پجارا کے کرکٹ سے فوری طور پر ریٹائرمنٹ کے اعلان سے متعلق خبر کی سرخی لگائی ہے۔ پجارا نے کرکٹ کے سبھی فارمٹ سے لیا ریٹائرمنٹ۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئ دلّی میں فجی کے اپنے ہم منصب Sitiveni Rabuka سے بات چیت کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج گجرات کے 2 دن کے دورے پر جارہے ہیں، جہاں وہ کئ ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

3- روس میں بھارت کے سفیر نے کہا ہے کہ جہاں کہیں بھی بہترین سودا ہوگا، بھارت وہاں سے تیل خریدنے کا سلسلہ جاری رکھے گا اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے اقدامات کرے گا۔

4- کھیلوں کے محکمے کے وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ بھارت 2047 تک چوٹی کے 5 اسپورٹنگ ملکوں میں شامل ہونے کا خواہشمند ہے۔

5- اور بھارت کی Sharvari Somnath Shende نے کناڈا میں عالمی یوتھ تیراندازی چیمپئن شپ میں 18 سال تک کی عمر کی خواتین کے انفرادی Recurve مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------